میں اپنا ادبی معیار قائم رکھا ہے، جو اس کی اعلیٰ روایت بن چکا ہے۔

حیاتِ شیخ الہند

تالیف : مولانا سید اصغر حسین

ناشر : ادارۂ اسلامیات، انارکلی۔ لاہور

صفحات ۲۷۲ ۔ قیمت ۱۸ روپے

برصغیر کی سرزمین علم و عمل کے اعتبار سے ہمیشہ سرسبز اور زرخیز رہی ہے۔ اس سے متعدد ایسی بڑی شخصیتیں پیدا ہوئی ہیں کہ ان کی کم ہی مثالیں ملتی ہیں۔ علم و عمل، تحقیق، جد و جہد، قربانی، ایثار، تدین، تقویٰ ہر اعتبار سے ان کا مقام بلند ہے۔ انہی خوش بخت حضرات کی فہرست میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی کا اسم گرامی شامل ہے۔ حضرت شیخ الہند کے عمل و ایثار کی داستان انتہائی دلچسپ اور قابلِ مطالعہ ہے۔ انگریز کے خلاف انھوں نے جو جہاد کیا اور اس کے نتیجے میں جن مشکلات و مصائب سے دوچار ہوئے، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ پھر دارالعلوم دیوبند میں جو تدریسی خدمات انجام دیں اور جن حضرات نے ان سے استفادہ کیا، وہ بھی سب کے سامنے ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب "حیات شیخ الہند" حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ کے حالات و کوائف کی مفصل تاریخ ہے۔ اس میں ان کے خاندان، اساتذہ، تلامذہ، تعلیمی خدمات، زمانۂ اسارت، ایام قید و بند وغیرہ کی تمام تفصیلات درج ہیں۔ تحریکِ آزادی اور اس کے پس منظر کو سمجھنے کے لیے اس قسم کی کتابوں کا مطالعہ بڑا ضروری ہے۔ اس کتاب سے معلوم ہوگا کہ علمائے برصغیر نے اس ملک سے انگریز کو نکالنے اور حصولِ آزادی کے لیے کیا کوششیں کیں اور اس سلسلے میں کن مصائب و آلام کا کس جرأت و ہمت کے ساتھ مقابلہ کیا۔

(م ۔ ا ۔ ب)

کشف الابیات اقبال

مرتبین : ڈاکٹر محمد صدیق شبلی۔ ڈاکٹر محمد ریاض

ناشر : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد، ۱۹۷۷ء

صفحات ۲۰۰ ، قیمت -/۴۰ روپے

علامہ اقبال اس اعتبار سے برصغیر کے مقبول ترین شاعر ہیں کہ ان کے اشعار ہر طبقے میں زبان زدِ عام ہیں۔